© rasailojaraid.com



## کشف المحجوب

تصنیف : شیخ علی ہجویریؒ

ناشر : مرکز تحقیقاتِ فارسی ایران و پاکستان - اسلام آباد

اور — اسلامک بک فاؤنڈیشن ۶۹ ۲- این - سمن آباد - لاہور

ملنے کا پتا : مکتبہ المعارف، شارع گنج بخش، لاہور

کاغذ، جلد عمدہ، کتابت دیدہ زیب - قیمت ۴۵ روپے

حضرت شیخ ابوالحسن علی بن عثمان الجلابی الہجویری الغزنوی اللاہوری رحمۃ اللہ علیہ جو حضرت علی ہجویری کے نام سے معروف ہیں، پانچویں صدی ہجری کے بہت بڑے عالم اور عارف باللہ بزرگ تھے - ان کی تبلیغ سے خطۂ لاہور میں اسلام کی شمع روشن ہوئی اور پھر پورے علاقے میں اس کی روشنی پھیل گئی - "کشف المحجوب" ان کی اپنی تصنیف ہے، جو توحید، تصوف، طریقت، معرفتِ الہٰی، تذکرۂ رجال وغیرہ اہم عنوانات کو محیط ہے۔ خود حضرت ہجویری کے حالات و سوانح کا اصل ماخذ بھی یہی کتاب ہے - اصل کتاب فارسی میں ہے - اس کی اہمیت کے پیشِ نظر متعدد حضرات نے اس کو اُردو کے قالب میں ڈالا ہے - اس کا انگریزی ترجمہ بھی ہو چکا ہے۔ ہمارے پیش نگاہ اس کی فارسی اشاعت ہے، جسے نسخۂ تہران کہا جاتا ہے - کتاب کا یہ صحیح ترین نسخہ ہے، جو متعدد فارسی نسخوں کو سامنے رکھ کر شائع کیا گیا ہے -

مرکزِ تحقیقاتِ فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد اور اسلامک بک فاؤنڈیشن لاہور نے یہ کتاب شائع کر کے اہلِ ذوق کی دیرینہ تمنا پوری کر دی ہے - مشمولات کے اعتبار سے تو کتاب بہر حال لائق مطالعہ ہے ہی، ظاہری حسن و خوبی کے لحاظ سے بھی نہایت عمدہ ہے - ہمارے معزز قارئین کو یہ کتاب خرید کر ناشرین کی حوصلہ افزائی اور اپنے علم و مطالعہ میں اضافہ کرنا چاہیے -

## شاہ ولی اللہ کے سیاسی مکتوبات

مرتب : خلیق احمد نظامی

ناشر : ادارۂ اسلامیات، ۱۹۰ انارکلی لاہور

کتابت، کاغذ، جلد شاندار - صفحات ۲۴۰ - قیمت درج نہیں -

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ بارھویں صدی ہجری اور اٹھارھویں صدی عیسوی

© rasailojaraid.com